## پنجاب کی سیاست کارخ تبدیل ہورہاہےاوراب ملک میں عوامی انقلاب نزدیک آرہاہے۔الطاف حسین

## جاگیرداروں،وڈیروں،سرداروں اورناجائز دولت کمانے والے سرمایہ داروں نے ملک کودیمک کی طرح کھوکھلا کردیا ہے

## ایم کیوایم ان لٹیروں سے ملک کونجات دلانے اورملک کودوبارہ اپنے پیروں پرکھڑا کرنے کیلئے آئی ہے

## ہم نے پاکستان کوبچانے کیلئے پہلی اینٹھ رکھ دی ہے،اب پنجاب سمیت ملک بھر کےمحروم ومظلوم عوام ہماراساتھ دیں

## ایم کیوایم گوجرانوالہ کی ڈسٹرکٹ کمیٹی،ٹاؤن کمیٹیوں اوریونٹوں کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگو

## پنجاب کنونشن کی کامیابی کیلئے دن رات محنت وجانفشانی سے کام کرنے پر گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ کے تمام

## عہدیداروں اورکارکنوں کوالطاف حسین کی زبردست شاباش اورخراج تحسین

لندن۔۔۔28 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ پنجاب کی سیاست کارخ تبدیل ہورہاہےاوراب ملک میں عوامی انقلاب نزدیک آرہاہےاورہم عوام کی طاقت سے انشاءاللہ ملک کی قسمت بدلیں گے۔انہوں نے یہ بات آج پنجاب میں ایم کیوایم گوجرانوالہ کی ڈسٹرکٹ کمیٹی،ٹاؤن کمیٹیوں اوریونٹوں کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگوکرتے ہوئے کہی۔انہوں نے پنجاب کنونشن کی کامیابی کیلئے دن رات محنت وجانفشانی سے کام کرنے پر گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ کے تمام عہدیداروں اورکارکنوں کودل کی گہرائیوں سے زبردست شاباش اورخراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ پاکستان بڑی قربانیوں کے نتیجے میں وجود میں آیا تھالیکن گزشتہ 62 برسوں سے بڑے بڑے جاگیرداروں،وڈیروں،سرداروں اورناجائز دولت کمانے والے بڑے بڑے سرمایہ داروں نے لوٹ مارکرکر کے ملک کودیمک کی طرح کھوکھلا کردیا ہے،ایم کیوایم ان لٹیروں سے ملک کونجات دلانے اورملک کودوبارہ اپنے پیروں پرکھڑا کرنے کیلئے آئی ہے۔ہم ملک بچانے کی کوشش کررہے ہیں کیونکہ ملک ہے توسب کچھ ہےاورملک نہیں تو کچھ بھی نہیں ہے۔ہم نے پاکستان کوبچانے کیلئے پہلی اینٹھ رکھ دی ہے،اب پنجاب سمیت ملک بھر کےمحروم ومظلوم عوام ہماراساتھ دیں اورایک ایک اینٹھ رکھ کرملک کے تحفظ کیلئے بلندفصیل بنائیں۔اس موقع پرگوجرانوالہ کےعہدیداروں اورکارکنوں نے جناب الطاف حسین کوبتایاکہ کنونشن کے بعدعوام تیزی سے ایم کیوایم کی طرف راغب ہورہے ہیں اور گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ میں مختلف سیاسی جماعتوں کے عہدیداران وکارکنان ، وکلاء ، اساتذہ ،خواتین،طلبہ وطالبات اوردیگرلوگ ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے رابطے کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ پنجاب کےعوام نے ایم کیوایم کے کنونشن کوجس بھاری اکثریت سے کامیاب بنایاہےاورجس طرح تیزی سے پنجاب کےعوام ایم کیوایم کی طرف آرہے ہیں اس سے صاف ظاہرہوتاہے کہ پنجاب میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے جوانتہائی خوش آئند ہے۔انہوں نے ایک بارپھر پنجاب کے تمام اضلاع کے کارکنوں، عہدیداروں،ماؤں،بہنوں،بزرگوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## پشاورکی پیربالاپولیس چوکی پربم دھماکےاورمتعددافرادکی ہلاکت اورزخمی ہونے کانوٹس لیاجائے،الطاف حسین

لندن۔۔۔28،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاورمیں پیربالاپولیس چوکی کےقریب بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوردھماکہ میں متعددافراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے ملک کوعدم استحکام سے دوچار کرنے والے کھلے ملک دشمن ہیں اوراسلام کے نام پراپنی مذموم کارروائیاں کرکے دنیا بھرمیں اسلام کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیاکہ پشاورکے پیربالاپولیس چوکی کےقریب بم دھماکے کاسختی سےنوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفورگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے۔انہوں نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والےافراد کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورزخمیوں کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعابھی کی۔

### انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنیوالے افراد اپنے علاقائی دفاتر کے ذمہ داروں سے رابطہ کرکے ممبرشپ فارم بھرکر ایم کیوایم میں باقاعدہ شامل ہوجائیں۔الطاف حسین

### ایم کیوایم میں شامل ہوکر پاکستان کی قسمت بدلنے کیلئے کمرکس لیں اور ملک کو بچانے کی تحریک کا ساتھ دیں۔الطاف حسین

### ایم کیوایم میں شمولیت کی خواہش کا اظہار کرنیوالے افراد نائن زیرو عزیز آباد یا انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن پر فون یا ای میل کے ذریعے اپنی تجاویز بھیجیں، مجھ سمیت رابطہ کمیٹی کا ایک ایک فرد اس پر احسان منداور شکرگزار ہوگا

لندن۔۔۔28 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ان تمام سچے حق پرست پاکستانیوں کو جنہوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے، مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقائی دفاتر کے ذمہ داروں سے رابطہ کرکے ایم کیوایم کی ممبرشپ کا فارم بھرکر ایم کیوایم میں باقاعدہ شامل ہوجائیں اور ایم کیوایم میں شامل ہوکر پاکستان کی قسمت بدلنے کیلئے کمرکس لیں اور ملک کو بچانے کی تحریک کا ساتھ دیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جن افراد نے ایم کیوایم میں شمولیت کی خواہش کا اظہار کیا ہے وہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کراچی کے فون نمبر 021-36329900 - 021-36313690 یا ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے فون نمبر 0044-208-9057300 یا ای میل ایڈریس mqm@mqm.org پر اپنی تجاویز بھیجیں، مجھ سمیت رابطہ کمیٹی کا ایک ایک فرد اس پر احسان منداور شکرگزار ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ فون کرنے والے حضرات اپنا فون نمبر یا ای میل ایڈریس ضرور دیں تاکہ ان سے رابطہ کرنے میں دشواری پیش نہ آئے۔

### پنجاب میں ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی کو ابھارے گی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

### صوبہ پنجاب میں پنجاب کنونشنز کی فقیدالمثال کامیابی ثابت کرتی ہے کہ عوام الطاف حسین کو ہی اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں

کراچی۔۔۔28، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشنز کی عظیم الشان کامیابی نے ثابت کردیا ہے کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کو ہی اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی ملک بھر کے مظلوم عوام کو ان کے جائز حقوق دلانے میں کامیاب ہوگی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے عوام میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ اور من گھڑت کہانیاں سنانے والے پنجاب کنونشن کی فقیدالمثال کامیابی پر مایوسی کا شکار ہیں اور پنجاب کنونشنز کے بعد ایم کیوایم کی مقبولیت کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے باوجود بھی اپنی بے حسی ظاہر کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام کو اپنے درمیان سیاسی، سماجی اور مذہبی لبادے میں موجود ایسے تمام بے حس لوگوں کا ساتھ چھوڑنا ہوگا اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے ساتھ قدم ملاکر چلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کے ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندگی کو کا متعارف کرایا ہے اور غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرکے ثابت کردیا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات بلاتفریق رنگ ونسل انسانیت کی خدمت ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی کو ابھارے گی اور ان کے درمیان سے ہی لوگوں کو ایوانوں میں بھیجے گی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے پنجاب کنونشنز کی فقیدالمثال کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی اور صوبہ پنجاب کے ایک ایک مظلوم نوجوان، بزرگ اور خواتین سے پنجاب کنونشنز میں شرکت کرنے پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔

### صوبہ پنجاب کی خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کا احساس ہو چکا ہے، نائلہ لطیف

### ایم کیوایم شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔28، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج محترمہ نائلہ لطیف نے کہا کہ صوبہ پنجاب کی خواتین کو اپنے بنیادی حقوق کے حصول کا احساس ہوچکا ہے اور یہ احساس ان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی بدولت اجاگر ہوا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے شعبہ خواتین کی رکن محترمہ ثروت عثمان نے بھی خطاب کیا۔ محترمہ نائلہ لطیف نے کہا کہ صوبہ سندھ کے بعد صوبہ

پنجاب کی مظلوم خواتین کو اچھی طرح اس بات کا احساس ہو چکا ہے کہ خواتین سمیت ملک بھر کے تمام مسائل کا حل قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ہی مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کنونشنز میں صوبہ پنجاب کی مظلوم خواتین نے بھر پور شرکت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہیں اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک دن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حقوق کی جدوجہد ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور 2 فیصد مراعات یافتہ کی حکمرانی کا خاتمہ جلد ہوگا۔

## سابق وزیراعظم کے سابقہ کوآرڈینیٹر نجم ثاقب کی اپنے ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت۔ایم کیوایم اعلامیہ

لاہور۔۔۔28،اپریل،2010

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زونل انچارج رانا یونس نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد تیزی سے پروان چڑھ رہی ہے اور ملک بھر کے غریب، مزدور اور محنت کش ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں یہ بات انہوں نے جیل روڈ پر ایک کارنر میٹینگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام امن اور بھائی چارے کی وجہ سے پورے پاکستان کے مظلوم و محکوم عوام جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں کیونکہ ان کو یہ احساس ہوگیا ہے کہ 98 فیصد مظلوم و محکوم عوام کی نمائندہ جماعت اگر کوئی ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے اس موقع پر سابق وزیراعظم کے سابقہ کوآرڈینیٹر نجم ثاقب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر اپنے ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا رانا یونس نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی سے تفصیلی آگاہ کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ سید شاہین انور گیلانی اور نثار احمد میمن کراچی سے بھی موجود تھے۔

## لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی ممبر اور گلبرگ ٹاون کے انچارج سلمان ریاض کی والدہ محترمہ کے انتقال پر لاہور زون، لاہور ڈسٹرکٹ اور متحدہ لائرز فورم کا اظہار تعزیت

لاہور۔۔۔28،اپریل،2010

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کمیٹی، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی اور متحدہ لائرز فورم کا لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی ممبر سلمان ریاض کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کریں۔(آمین)

## کے ای ایس سی کے تمام جبری برخاست کیے گئے ملازمین کی بحالی تک ہر ممکن تعاون جاری رہے گا، لیبر ڈویژن سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی
## کے ای ایس سی سے جبری برخاست کیے گئے افسران کا ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے اراکین سے ملاقات

کراچی۔۔۔28،اپریل2010ء

کے ای ایس سی سے جبری برطرف کئے گئے افسران نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی اور انہیں اپنی بحالی کیلئے پرامن احتجاج اور دیگر تفصیلات سے آگاہ کیا۔ملاقات میں وفد کے ارکان نے بتایا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ ایک جانب تو بھاری رقوم کے عوض مختلف افسران کو کے ای ایس سی میں تعینات کرارہی ہے جبکہ ایسے افسران جو 25 سے 30 سال سے ادارے کے فروغ اور ترقی کیلئے کوشاں ہیں ان کو بلا جواز نوکریوں سے برخاست کیا جارہا ہے جس کے باعث ادارے کے 2 افسران آصف رضا میر اور اکبر شاہانی صدمے کے باعث دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ملاقات میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں یقین دلایا کہ 294 افسران کی نوکریوں کے تحفظ کیلئے ایم کیوایم ہر ممکن تعاون کریگی۔

☆☆☆☆☆